# DR. BABASAHEB AMBEDKAR MARATHWADA UNIVERSITY, CHHATRAPATI SAMBHAJINAGAR.

**Circular / Syll. Sec./HF/ UG IInd Yr./Curriculum/ 2025.**

It is hereby inform to all concerned that, on the recommendation of Board of Deans; **the Academic Council at it's Meeting held on 09th May, 2025 has been accepted the** ***"Following Subject wise Curriculum of UG level under the faculty of Humanities as per Guidelines of NEP & University Norms"*** for implemented in the all affiliated colleges.

| Sr. No. | Name of the UG Curriculum | Semester |
|---|---|---|
| 01. | Marathi | IIIrd & IVth |
| 02. | Hindi | IIIrd & IVth |
| 03. | English | IIIrd & IVth |
| 04. | Urdu | IIIrd & IVth |
| 05. | Pali & Buddhism | IIIrd & IVth |
| 06. | Arabic | IIIrd & IVth |
| 07. | Sanskrit | IIIrd & IVth |
| 08. | Political Sciecne | IIIrd & IVth |
| 09. | Public Administration | IIIrd & IVth |
| 10. | Economics | IIIrd & IVth |
| 11. | History | IIIrd & IVth |
| 12. | Sociology with First Year minor changes | IIIrd & IVth & IInd |
| 13. | Geography with First Year minor changes | IIIrd & IVth & Ist & IInd |
| 14. | Psychology with First Year minor changes | IIIrd & IVth & Ist & IInd |
| 15. | Thoughts of Mahatma Phule & Dr. B. R. Ambedkar | IIIrd & IVth |
| 16. | Islamic Studies | IIIrd & IVth |
| 17. | Military Science | IIIrd & IVth |
| 18. | Philosophy | IIIrd & IVth |

**This is effective from the Academic Year 2025-26 and Onwards as per appended herewith.**

All concerned are requested to note the contents of this circular and bring notice to the students, teachers and staff for their information and necessary action.

University campus,
Chhatrapati Sambhajinagar-431 004.
Ref. No. SU/ UG/Curriculum/NEP Norms/2025/ 843

Date: 29/ 05/ 2025.

**Deputy Registrar,**
**[Syllabus]**

*******

:: 02 ::

**Copy forwarded with necessary action to:-**

1] **The Principal, all concerned affiliated colleges,** Dr. Babasaheb Ambedkar Marathwada University, Chhatrapati Sambhajinagar.

2] **The Director,** University Network & Information Centre, UNIC, with **a request to upload this Circular on University Website.**

3] **The Director, Board of Examinations & Evaluation,** Dr. Babasaheb Ambedkar Marathwada University, Chhatrapati Sambhajinagar.

-=**=-

DrK*280525/-

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھترپتی سنبھاجی نگر (مہاراشٹر)

# Dr. Babasaheb Ambedkar Marathwada University,

Chhatrapati Sambhajinagar - 431001 (M.S.)

**AS PER NEP-2020**

## Syllabus

## Second Year B.A. / B.Com. / B.Sc.

## Semester: III & IV

## Subject : Urdu

جدید تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ کے مطابق

نصاب برائے

بی اے / بی کام / بی ایس سی سال دوم

مضمون : اُردو

**With Effective From Academic Year 2025-26**

تعلیمی سال ۲۰۲۵-۲۰۲۶ سے نافذ

Dr. Ansari M.A.

Dr. Abdul Rab

Incharge Chairman (B.O.S. Urdu)
Professor Aqeela S. G.

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھترپتی سنبھاجی نگر (مہاراشٹر)

# Dr. Babasaheb Ambedkar Marathwada University,

Chhatrapati Sambhajinagar - 431001 (M.S.)

# Faculty of Humanities

Syllabus as per NEP-2020

جدید تعلیمی پالیسی۔۲۰۲۰ کے مطابق نصاب

**Second Year B.A./B.Com./B.Sc.**

جماعت: سال دوم بی اے/ بی کام/ بی ایس سی

Semester : III & IV

سمیسٹر: تیسرا۔چوتھا

**Subject : Urdu**

مضمون: اُردو

## Preface

Higher education is crucial for human and social development. Ministry of Education (Givt. of India) emphasizes in its NEP-2020 that knowledge must be complemented by critical thinking, problem solving, creativity and exploration of skills. Accordingly, Board of studies for Urdu & Persian, Dr. Babasaheb Ambedkar Marathwada University has designed a comprehensive syllabus for undergraduate students in Urdu language and literature, emphasizing practical learning, criocity and creativity.This syllabus aims to unlock students full potential, nurture their talents, skills, personality, and empower them to become confident, creative and critical thinkers, shaping their future with confidence.

## پیش لفظ

انسانی اور معاشرتی ترقی کے لئے اعلیٰ تعلیم نہایت ضروری اور اہم ہے۔ بھارتی وزارت تعلیم نے نئی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ میں اِس بات پر زور دیا ہے کہ علم کو تنقیدی سوچ ، مسئلہ حل کرنے ، تخلیقی صلاحیتوں اور کھوج کی مہارتوں کے ساتھ دیا جانا چاہیئے۔اسی کے مطابق ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے بورڈ آف اسٹڈیز برائے اُردو و فارسی نے اُردو زبان و ادب کے انڈر گریجویٹ سطح کے طلباء کے لئے ایک جامع نصاب تیار کیا ہے جس میں عملی تعلیم ، تجسس اور تخلیقی مہارتوں اور صلاحیتوں پر زور دیا گیا ہے۔اس نصاب کا مقصد طلباء کی تمام صلاحیتوں کو اُجاگر کرنا، اُن کی صلاحیتوں ،مہارتوں اور شخصیت کو پروان چڑھانا اور اُنھیں اعتماد کے ساتھ اپنے مستقبل کی بہتر تشکیل کے لئے تخلیقی اور تنقیدی فکروں نظر کا حامل ذمہ دار شہری بننے کے لئے بااختیار بنانا ہے۔

## Learning objectives of the course

This syllabus aims to empower students to :-

1) Enhace their critical thinking and understanding through the study of diversed Urdu poetry & prose
2) Absorb the values of national, moral, social and cultural harmony integrated with education.
3) Learn Urdu, as a civilized & cultured language, empowers students to become responsible citizens & well-rounded individulas.
4) Develop a deeper appreciation and creative expression in various Urdu poetry & prose genres.

## نصاب ہٰذا کی تدریس کے اغراض و مقاصد

نصابِ ہٰذا کی تدریس کے بنیادی مقاصد یہ ہیں کہ طلباء وطالبات:

۱) اُردو کی مختلف شعری و نثری اصناف کی تدریس کے ذریعے اپنی فکر و بصیرت کو مہمیز دے سکیں۔
۲) زبان دانی کی تعلیم کے ساتھ ساتھ قومی ، اخلاقی ،معاشرتی اور ثقافتی ہم آہنگی کا پیغام حاصل کرسکیں۔
۳) تہذیب کی نمائندہ زبان کی حیثیت سے اُردو زبان و ادب کی تعلیم کے ذریعے ہمہ پہلو شخصیت کا حامل ذمہ دار اور بہتر شہری بن سکیں۔
۴) اُردو زبان و ادب کی متفرق شعری و نثری اصناف کی بہتر تفہیم اور تخلیق کرسکیں۔

## Learning objectives of the course

After completing this syllabus, students will be:-

1) Develop a passion for poetry & literature, fostered by the exploration of diverse Urdu genres.
2) Embody national, moral, social and cultural harmony integrated with linguistic education.
3) Learn Urdu, as civilized & cultured language, empowers students to become responsible citizens & well-rounded individulas.
4) Acquire a deeper understanding and creative expression in various Urdu poetry & prose genres, unlocking their potential as literati.

## نصاب ہٰذا کی تدریس کے ثمرات

نصابِ ہٰذا کی کامیاب تدریس کے بعد طلباء وطالبات میں :

۱) مختلف شعری و نثری اصناف کی تعلیم کے ذریعے شعر و ادب سے دلچسپی پیدا ہوگی۔
۲) زبان دانی کی تعلیم کے ساتھ قومی ، اخلاقی ،معاشرتی اور ثقافتی ہم آہنگی پیدا ہوگی۔
۳) تہذیب کی نمائندہ زبان کی حیثیت سے اُردو زبان و ادب کی تعلیم کے ذریعے ہمہ پہلو شخصیت کا حامل ذمہ دار اور بہتر شہری بننے کا رجحان پیدا ہوگا۔
۴) اُردو زبان و ادب کی متفرق شعری و نثری اصناف کی بہتر تفہیم اور تخلیق کرنے کی مہارت پیدا ہوگی۔

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھترپتی سنبھاجی نگر (مہاراشٹر)

## Faculty of Humanities

## Syllabus نصاب

Syllabus as per NEP-2020 — جدید تعلیمی پالیسی ۔۲۰۲۰ کے مطابق نصاب

**Second Year B.A./B.Com./B.Sc.** — جماعت: سال دوم بی اے/ بی کام/ بی ایس سی

Semester : III & IV — سمیسٹر: تیسرا۔چوتھا

**Subject : Urdu** — مضمون: اُردو

| | | Semester : III سمیسٹر تیسرا | | | Semester : IV سمیسٹر چوتھا | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Sr. No. | Course Type | Course Code & Paper Name | Credits Details | Total Credits | Course Code & Paper Name | Credits Details | Total Credits |
| 01 | Major Mandatory | DSC-7 **QadeemAfsanviAdab** قدیم افسانوی ادب | 2T+2P | 4 | DSC-9 **JadeedAfsanviAdab** جدید افسانوی ادب | 2T+2P | 4 |
| | ------ //------- | DSC-8 **QadeemSheriAsnaf** قدیم شعری اصناف | 2T+2P | 4 | DSC-10 **JadeedSheriAsnaf** جدید شعری اصناف | 2T+2P | 4 |
| 02 | Major Elective | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 03 | Minor (Choose any two from pool of the course) | M-1 **Asnaf-e-Nasr** اصنافِ نثر | 2T | 2 | M-3 **IntekhabAsnaf-e-Nasr** انتخاب اصنافِ نثر | 2T | 2 |
| | ------ //------- | M-2 **Asnaf-e-Nazm** اصنافِ نظم | 2T | 2 | M-4 **IntekhabAsnaf-e-Nazm** انتخاب اصنافِ نظم | 2T | 2 |
| 04 | GE/OE (It should be Choosen from the faculty other than that of major) | GE/OE-3 **Urdu Fiction** اُردو فکشن | 2T | 2 | GE/OE-4 **Urdu Shayeri** اُردو شاعری | 2T | 2 |
| 05 | VSC (Vocational Skill Course) | VSC-2 **ICT & AI** آئی سی ٹی اوراے آئی | 1T+1P | 2 | --- | --- | --- |
| 06 | SEC (Skill Enhancement Course) | --- | --- | --- | SEC-2 **Script & Dialog writing** اسکرپٹ وڈائیلاگ رائٹنگ | 1T+1P | 2 |
| 07 | AEC (Ability Enhancement Course) | AEC-2 (Common to all) | 2 | 2 | AEC-4 **Sanwi Urdu** ثانوی اُردو | 2T | 2 |
| 08 | VEC (Value Education Course) | VEC-2 (Common to all) | 2 | 2 | --- | --- | --- |
| 09 | IKS (Indian Knowledge System) | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 10 | OJT (On Job Training) | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 11 | FP (Field Project) | --- | --- | --- | **FP - 1** فیلڈ پروجیکٹ **(Corrosponding to Major Subject)** (اُردو بطور میجر مضمون منتخب کرنے والے طلبہ کے لئے لازمی) | 2 | 2 |
| 12 | CEP (Community engagment Prog) | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 13 | CC (Co-curricular Coruse) | CC -3 (Common to all) | 2 | 2 | CC -4 (Common to all) | 2 | 2 |
| 14 | RMC (Research Mathodology Course) | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 15 | RP (Research Project) | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | **Cum. Cr. / Semester** | **22** | | **Cum. Cr. / Semester** | **22** |

### Exit option

Award of UG Diploma in Major and Minor with 88 Credits and an additional 4 Credits of core NSQF Course / Internership OR Continue with Major and Minor.

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھترپتی سنبھاجی نگر (مہاراشٹر)

**نصاب Syllabus**

Class: B.A.S.Y. — جماعت: بی اے سال دوم

Semester : III — سمیسٹر: تیسرا

Subject: Urdu — مضمون: اُردو

Course Code: DSC-7 — Paper Name: Qadeem Afsanvi Adab — قدیم افسانوی ادب

Course Type: Major — Total Credits: 2T + 2P = 4 — Teaching Hours:60

| تدریس کے اغراض ومقاصد | تدریس کے متوقع نتائج |
|---|---|
| نصاب ہٰذا کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:<br>۱) طلباء کو اُردو زبان وادب کی قدیم افسانوی اصناف اور روایات سے روشناس کرانا۔<br>۲) قدیم داستانوں، قصوں اور حکایتوں کے موضوعات، کرداروں اور بیانیاتی ساخت کا گہرائی سے تجزیہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔<br>۳) قدیم افسانوی ادب میں مستعمل ادبی اور فنی تکنیکوں کی شناخت اور تجزیہ کرنا۔<br>۴) جدید ادب وثقافت پر قدیم ادب کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لے کر کرائے دینا۔<br>۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں اور تخلیقی اظہار کو فروغ دینا۔<br>۶) قدیم افسانوی ادب کے ساتھ فعال طور پر مشغول کر کے اُن کی عصری معنویت سمجھانا۔ | کامیابی کے ساتھ اس نصاب کی تکمیل کے بعد طلباء اس قابل ہوں گے کہ وہ:<br>۱) اُردو نثر کی افسانوی اور غیر افسانوی اصناف کی شناخت اور ارتقاء بیان کریں۔<br>۲) اصنافِ نثر کے اہم موضوعات اور بیانیاتی عناصر کا گہرائی سے تجزیہ کریں۔<br>۳) اصنافِ نثر کے لسانی خصائص، محاورات، ضرب الامثال اور اسلوب کا جائزہ لے سکیں۔<br>۴) جدید ادب وثقافت پر قدیم ادب کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لے کر کرائے دیں۔<br>۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں کے ساتھ تخلیقی اظہار انجام دیں۔<br>۶) اصنافِ نثر کے مختلف نمونے کو تخلیقی طور پر پیش کرتے ہوئے اُن کی عصری معنویت سمجھ سکیں۔ |

## Syllabus نصاب

Topics for Discussion & Study مشمولات برائے تدریس

| Teaching Hours<br>تدریسی گھنٹے | Credits<br>کریڈٹ | Topics/Contents of the Syllabus<br>نکاتِ بحث ومطالعہ | Module<br>موڈیول |
|---|---|---|---|
| | | **Theory تھیوری** | |
| 10 | 0.7 | **افسانوی ادب: فنی مطالعہ**<br>۱) افسانوی ادب کی تعریف<br>۲) قدیم افسانوی ادب کی اہمیت<br>۳) قدیم اُردو افسانوی ادب کی اقسام : ( داستان۔قصہ۔حکایت۔تمثیل )<br>۴) قدیم افسانوی ادب کی خصوصیات | I |
| 10 | 0.7 | **داستان: فنی مطالعہ**<br>۱) داستان کی تعریف اور اُس کے اجزائے ترکیبی<br>۲) داستانوں کی لسانی، سماجی اور ثقافتی اہمیت<br>۳) اُردو داستان نگاری کا آغاز وارتقاء<br>۴) حیدر بخش حیدری اور نہال چند لاہوری کی داستان نگاری کا جائزہ | II |
| 10 | 0.6 | **متنی مطالعہ: شاملِ نصاب منتخب متنی حصہ کا تنقیدی وتحسینی مطالعہ**<br>۱) ''پہلا قصہ: حسن بانو برزخ سوداگر کی بیٹی ------------''<br>(کتاب برائے متن ''داستان آرائشِ محفل'' از حیدر بخش حیدری)<br>۲) ''چوتھی داستان: تاج الملوک کے پہنچنے کی بکاؤلی کی سرزمین میں دیو کی مدد سے''<br>(کتاب برائے متن ''داستان مذہبِ عشق معروف بہ قصہ گل بکاؤلی'' از نہال چند لاہوری) | III |
| | | **Practical پریکٹیکل** | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 15 | 01 | ۱) کمرہء جماعت میں داستان گوئی کی مشق کرنا۔<br>۲) افسانوی ادب کی خصوصیات تحریر کرنا۔ | IV |
| 15 | 01 | ۱) قدیم داستانوں کے اہم کرداروں کا نفسیاتی وسماجیاتی تجزیہ کرنا۔<br>۲) شامل نصاب متن کے اپنے پسندیدہ کردار کی خصوصیات تحریر کرنا۔ | V |
| 60 | 04 | Total Credits/Hours کل کریڈٹ/ گھنٹے | |

**مزید مطالعہ کے لئے سفارش کردہ کتابیں Recommended Reference Books:**

۱) تاریخ ادبِ اُردو — رام بابو سکسینہ — ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ
۲) اُردو ادب کی تاریخ — نورالحسن نقوی — ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی
۳) اُردو نثر کا ارتقاء — شوکت سبزواری — اردو اکاڈمی، نئی دہلی
۴) افسانوی ادب — عظیم الشان صدیقی — موڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی
۵) اُردو نثر کا تنقیدی مطالعہ — ڈاکٹر سنبل نگار — ایلیا پبلکیشنز، نئی دہلی
۶) داستان آرائش محفل — حیدر بخش حیدری — ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ
۷) داستان مذہبِ عشق معروف بہ قصہ ٔ بکاؤلی — نہال چند لاہوری — ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

❋❋❋

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھترپتی سنبھاجی نگر (مہاراشٹر)

**Syllabus نصاب**

Class: B.A.S.Y. — جماعت: بی اے سال دوم

Semester : III — سمیسٹر: تیسرا

Subject: Urdu — مضمون: اُردو

Course Code: DSC-8 — Paper Name: Qadeem Sheri Asnaf — قدیم شعری اصناف

Course Type: Major — Total Credits: 2T + 2P = 4 — Teaching Hours:60

## تدریس کے اغراض ومقاصد

نصابِ ہٰذا کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

۱) طلباء کو اُردو زبان وادب کی قدیم شعری اصناف اور روایات سے روشناس کرانا۔

۲) قدیم شعری اصناف میں بیانیاتی موضوعات کا تجزیہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔

۳) قدیم شعری اصناف میں مستعمل ادبی اور فنی تکنیکوں کی شناخت اور تجزیہ کرنا۔

۴) جدید شعری ادب پر قدیم شعری ادب کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لے کر رائے دینا۔

۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں اور تخلیقی اظہار کو فروغ دینا۔

۶) قدیم افسانوی ادب کے ساتھ فعال طور پر مشغول کر کے اُن کی عصری معنویت سمجھانا۔

## تدریس کے متوقع نتائج

کامیابی کے ساتھ اس نصاب کی تکمیل کے بعد طلباء اس قابل ہوں گے کہ وہ:

۱) اُردو شاعری کی اہم قدیم اصناف (حمد، نعت، غزل، قصیدہ، مثنوی، مرثیہ اور دوہے وغیرہ) کی شناخت اور تاریخی ارتقاء بیان کر سکیں۔

۲) قدیم شعری اصناف کے اہم موضوعات اور بیانیاتی عناصر کا گہرائی سے تجزیہ کریں۔

۳) قدیم شعری اصناف کے لسانی خصائص، محاورات اور فنی تکنیکوں کی شناخت اور تجزیہ کریں۔

۴) جدید شاعری پر قدیم شعری اصناف کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لے کر رائے دیں۔

۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں کے ساتھ تخلیقی اظہار انجام دیں۔

۶) قدیم شعری اصناف کے ساتھ فعال طور پر مشغول ہو کر اُن کی عصری معنویت سمجھ سکیں۔

## Syllabus نصاب

Topics for Discussion & Study مشمولات برائے تدریس

| Teaching Hours تدریسی گھنٹے | Credits کریڈٹ | Topics/Contents of the Syllabus نکاتِ بحث ومطالعہ | Module موڈیول |
|---|---|---|---|
| | | **Theory تھیوری** | |
| 10 | 0.7 | **قصیدہ : فنی مطالعہ**<br>۱) قصیدہ کا لغوی واصطلاحی معنی اور تعریف<br>۲) قصیدہ کی قسمیں (الف) مدحیہ (ب) ہجویہ<br>۳) مدحیہ قصیدے کے اجزائے ترکیبی : تشبیب۔گریز۔مدح۔دعا رحسن خاتمہ<br>۴) اُردو قصیدہ کا موضوع، ہیئت اور تکنیک<br>۵) اُردو قصیدہ کا آغاز وارتقاء | **I** |
| 10 | 0.7 | **مثنوی: فنی مطالعہ**<br>۱) مثنوی کا لغوی واصطلاحی معنی اور تعریف<br>۲) مثنوی کی قسمیں بلحاظِ موضوعات<br>(الف) رزمیہ (ب) بزمیہ (ج) اخلاقی (د) صوفیانہ<br>۳) اُردو مثنوی کے اجزائے ترکیبی:<br>پلاٹ۔واقعہ نگاری۔کردار نگاری۔جذبات نگاری۔منظر نگاری۔زبان واسلوب<br>۴) اُردو مثنوی کا موضوع، ہیئت اور تکنیک<br>۵) اُردو مثنوی کا آغاز وارتقاء | **II** |

| | | | |
|---|---|---|---|
| III | متنی مطالعہ: شاملِ نصاب منتخب قصائد اور مثنویات متنی مطالعہ<br>**(الف) قصائد:**<br>۱) 'سمتِ کاشی سے چلا جانبِ متھرا بادل' تا '۔۔۔۔ سنائے یہ غزل'<br>(حصۂ اول)<br>(قصیدہ ''مدیح خیر المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم'': محسن کاکورویؔ)<br>۲) قصیدہ در مدحِ بہادر شاہ ظفرؔ (شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ)<br>۳) قصیدہ 'شہر آشوب' (مرزا محمد رفیع سوداؔ)<br>**(ب) مثنویاں:**<br>۱) مثنوی 'سوز و گداز' (سراجؔ اورنگ آبادی)<br>کتاب برائے متن 'مونوگراف سراج اورنگ آبادی: مرتبہ ڈاکٹر یحییٰ نشیط<br>۲) مثنوی 'نجم النساء کا جوگن بننا' (مثنوی سحر البیان: میر حسن دہلویؔ)<br>۳) 'زمانے کے انداز بدلے گئے تا ۔۔۔۔۔ راکھ کا ڈھیر ہے<br>(مثنوی 'ساقی نامہ' علامہ محمد اقبالؔ) | 0.6 | 10 |
| **Practical پریکٹیکل** | | | |
| IV | ۱) شاملِ نصاب قصائد/مثنویوں کا تجزیہ و تبصرہ کرنا۔<br>۲) شاملِ نصاب شعراء کی قصیدہ/مثنوی نگاری کا جائزہ لینا۔ | 01 | 15 |
| V | ۱) شاملِ نصاب قصائد/مثنویوں کا سلیس و جامع خلاصہ تحریر کرنا۔<br>۲) شاملِ نصاب قصائد/مثنویوں کی اقسام کے مابین فرق کو واضح کرنا۔ | 01 | 15 |
| | کل کریڈٹ/گھنٹے Total Credits/Hours | 04 | 60 |

## مزید مطالعہ کے لئے سفارش کردہ کتابیں Recommended Reference Books:

| | | |
|---|---|---|
| ۱) قصیدہ کا فن اور اُردو قصیدہ نگاری | ڈاکٹر ایم کمال الدین | دربھنگہ بک ہاؤس، دربھنگہ |
| ۲) انتخاب قصائدِ اُردو | ابو محمد سحر | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی |
| ۳) دکن میں اُردو | نصیر الدین ہاشمی | قومی کونسل برائے فروغ اُردو، نئی دہلی |
| ۴) انتخابِ قصائد | مہ لقا اعجاز | نسیم بک ڈپو، لکھنؤ |
| ۵) اُردو شاعری کا تنقیدی مطالعہ | ڈاکٹر سنبل نگار | ایلیا پبلکیشنز، نئی دہلی |
| ۶) مونوگراف سراجؔ اورنگ آبادی | ڈاکٹر یحییٰ نشیط | قومی کونسل برائے فروغ اُردو، نئی دہلی |
| ۷) مثنوی سحر البیان | میر حسن دہلوی | مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، نئی دہلی |
| ۸) کلیاتِ اقبالؔ | علامہ محمد اقبالؔ | مرکزی مکتبہ اسلامی، نئی دہلی |

***

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھترپتی سنبھاجی نگر (مہاراشٹر)

**نصاب Syllabus**

Class: B.A.S.Y. جماعت: بی اے سال دوم

Semester : III سمیسٹر: تیسرا

Subject: Urdu مضمون: اُردو

Course Code: M-1 Paper Name: Asnaf-e-Nasr اصنافِ نثر

Course Type: Minor Total Credits: 2T = 2 Teaching Hours:30

| تدریس کے اغراض ومقاصد | تدریس کے متوقع نتائج |
|---|---|
| نصابِ ہٰذا کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:<br>۱) طلباء کو اُردو نثر کی افسانوی اور غیر افسانوی اصناف اور روایات سے روشناس کرانا۔<br>۲) نثری اصناف کے موضوعات اور بیانیاتی ساخت کا گہرائی سے تجزیہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔<br>۳) نثری اصناف میں مستعمل ادبی اور فنی تکنیکوں کی شناخت اور تجزیہ کرنا۔<br>۴) جدید ادب وثقافت پر قدیم ادب کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لے کر رائے دینا۔<br>۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں اور تخلیقی اظہار کو فروغ دینا۔<br>۶) اصنافِ نثر کے ساتھ فعال طور پر مشغول ہونا اور اُن کی عصری معنویت کو سمجھانا۔ | کامیابی کے ساتھ اس نصاب کی تکمیل کے بعد طلباء اس قابل ہوں گے کہ وہ:<br>۱) اُردو زبان وادب کی قدیم افسانوی اصناف اور روایات کی شناخت اور ارتقاء بیان کریں۔<br>۲) قدیم داستانوں، قصوں اور حکایتوں کے موضوعات، کرداروں اور بیانیاتی ساخت کا گہرائی سے تجزیہ کریں۔<br>۳) قدیم افسانوی ادب میں استعمال ہونے والی ادبی اور فنی تکنیکوں کی شناخت اور تجزیہ کریں۔<br>۴) جدید ادب وثقافت پر قدیم ادب کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لے کر رائے دیں۔<br>۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں کے ساتھ تخلیقی اظہار انجام دیں۔<br>۶) قدیم افسانوی ادب کے ساتھ فعال طور پر مشغول ہو کر اُن کی عصری معنویت سمجھ سکیں۔ |

**Syllabus نصاب**

Topics for Discussion & Study مشمولات برائے تدریس

| Teaching Hours<br>تدریسی گھنٹے | Credits<br>کریڈٹ | Topics/Contents of the Syllabus<br>نکاتِ بحث ومطالعہ | Module<br>موڈیول |
|---|---|---|---|
| | | **Theory تھیوری** | |
| 10 | 0.7 | **افسانوی نثر: فنی مطالعہ**<br>۱) افسانوی نثر کی تعریف<br>۲) افسانوی نثر کی اقسام اور اُن کی تعریف مع اجزائے ترکیبی<br>داستان۔ناول۔افسانہ۔ڈراما<br>۳) افسانوی نثر کی خصوصیات | I |
| 10 | 0.7 | **شاملِ نصاب افسانوی نثر نگاروں کی نثر نگاری کا جائزہ**<br>۱) حیدربخش حیدری<br>۲) پنڈت رتن ناتھ سرشار<br>۳) سید امتیاز علی تاج<br>۴) کرشن چندر | II |
| 10 | 0.6 | **متنی مطالعہ: شاملِ نصاب منتخب متون کا متنی مطالعہ**<br>۱) داستان۔ ''چوتھا سوال: سچ کو ہمیشہ راحت ہے'': حیدربخش حیدری (کتاب ''آرائشِ محفل'')<br>۲) ناول۔ ''بھولے نواب'': پنڈت رتن ناتھ سرشار (کتاب ''جدید انتخابِ ادب'')<br>۳) ڈراما۔ ''انارکلی'': سید امتیاز علی تاج (کتاب ''جدید انتخابِ ادب'')<br>۴) افسانہ۔ ''جامن کا پیڑ'': کرشن چندر (کتاب ''انتخابِ ادب'') | III |
| 30 | 02 | Total Credits/Hours کل کریڈٹ/گھنٹے | |

**مزید مطالعہ کے لئے سفارش کردہ کتابیں Recommended Reference Books:**

| | | |
|---|---|---|
| ۱) ادبی اصناف | ڈاکٹر گیان چند جین | گجرات اُردو اکاڈمی، گجرات |
| ۲) غیر افسانوی اُردو نثر | ڈاکٹر عطیہ رئیس | ایم آر پبلیکیشنز، نئی دہلی |
| ۳) انتخابِ ادب | مجلس نصابی برائے اُردو و فارسی، ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، اورنگ آباد | |
| ۴) جدید انتخابِ ادب | ڈاکٹر عبدالرب | مرزا ورلڈ بک ہاؤس، اورنگ آباد |
| ۵) اُردو نثر کا تنقیدی مطالعہ | ڈاکٹر سنبل نگار | ایلیا پبلکیشنز، نئی دہلی |
| ۶) انتخاب نثر اُردو (حصۂ دوم) | | اتر پردیش اُردو اکادمی، لکھنؤ |
| ۷) اُردو کا افسانوی ادب | ڈاکٹر فرمان فتح پوری | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، علی گڑھ |

***

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھترپتی سنبھاجی نگر (مہاراشٹر)

**نصاب Syllabus**

Class: B.A.S.Y. — جماعت: بی اے سال دوم

Semester : III — سمیسٹر: تیسرا

Subject: Urdu — مضمون: اُردو

Course Code: M-2 — Paper Name: Asnaf-e-Nazm — اصناف نظم

Course Type: Minor — Total Credits: 2T = 2 — Teaching Hours:30

| تدریس کے اغراض ومقاصد | تدریس کے متوقع نتائج |
|---|---|
| نصاب ہٰذا کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں: | کامیابی کے ساتھ اس نصاب کی تکمیل کے بعد طلباء اس قابل ہوں گے کہ وہ: |
| ۱) طلباء کو اُردو اصناف نظم (نظم اور قطعہ) اور اُس کی روایات سے روشناس کرانا۔ | ۱) اُردو کی اہم شعری اصناف (نظم اور قطعہ) کی شناخت اور اُن کا تاریخی ارتقاء بیان کریں۔ |
| ۲) اصناف نظم کے موضوعات اور بیانیہ ساخت کا تجزیہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔ | ۲) اصناف نظم کے اہم موضوعات اور بیانیہ عناصر کا گہرائی سے تجزیہ کریں۔ |
| ۳) اصناف نظم میں مستعمل ادبی اور فنی تکنیکوں کی شناخت اور تجزیہ کرنا۔ | ۳) اصناف نظم کے لسانی خصائص، وزن، بحر، تقطیع، قافیہ وردیف اور ہیئت کا جائزہ لیں۔ |
| ۴) جدید شاعری پر قدیم اصناف نظم کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لے کر رائے دینا۔ | ۴) اصناف نظم کے سماجی، ثقافتی اور تاریخی پس منظر کو سمجھتے ہوئے اُن کی معنویت کا تعین کریں۔ |
| ۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں اور تخلیقی اظہار کو فروغ دینا۔ | ۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں کے ساتھ تخلیقی اظہار انجام دیں۔ |
| ۶) اصناف نظم کے ساتھ فعال طور پر مشغول کر کے اُن کی عصری معنویت سمجھانا۔ | ۶) اصناف نظم کے ساتھ فعال طور پر مشغول ہو کر اُن کی عصری معنویت کو واضح کریں۔ |

**Syllabus نصاب**

Topics for Discussion & Study مشمولات برائے تدریس

| Module<br>موڈیول | Topics/Contents of the Syllabus<br>نکات بحث ومطالعہ | Credits<br>کریڈٹ | Teaching Hours<br>تدریسی گھنٹے |
|---|---|---|---|
| | **Theory تھیوری** | | |
| I | **صنفِ نظم: فنی مطالعہ**<br>۱) نظم کے لغوی واصطلاحی معنی اور تعریف<br>۲) صنفِ نظم کی ہیئتیں<br>۳) اُردو نظم کے موضوعات اور تکنیک<br>۴) اُردو نظم کا آغاز وارتقاء | 0.7 | 10 |
| II | **صنفِ قطعہ: فنی مطالعہ**<br>۱) قطعہ کے لغوی واصطلاحی معنی اور تعریف<br>۲) قطعہ اور رباعی کے مابین فرق<br>۳) اُردو میں قطعہ نگاری کا آغاز وارتقاء | 0.7 | 10 |
| III | **متنی مطالعہ: شامل نصاب نظموں اور قطعات کا متنی مطالعہ**<br>**نظمیں:**<br>۱) بنجارہ نامہ : نظیر اکبرآبادی<br>۲) برکھارُت : مولانا حالی<br>۳) جوابِ شکوہ : علامہ محمد اقبال<br>**قطعات:**<br>۱) عشرتی گھر کی محبت کا مزہ بھول گئے : اکبر الٰہ آبادی<br>۲) طالب علم : علامہ محمد اقبال | 0.6 | 10 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | ۳) قطعہ : جے پی سعید<br>جب بھی آ جاتا ہے پیامِ فنا<br>زندگانی تمام ہوتی ہے<br>ہاں مگر جس کے کام زندہ ہیں<br>موت اس پر حرام ہوتی ہے<br>(کتاب شاخِ گل، ص ۹۰) | |
| 60 | 04 | Total Credits/Hours کل کریڈٹ/ گھنٹے | |

**مزید مطالعہ کے لئے سفارش کردہ کتابیں Recommended Reference Books:**


۱) اصنافِ سخن اور شعری ہیئتیں — شمیم احمد — انڈیا بک امپوریم، بھوپال
۲) اصنافِ ادب — رفیع الدین ہاشمی — قومی کونسل برائے فروغ اُردو، نئی دہلی
۳) انتخابِ ادب — مجلس نصابی برائے اُردو و فارسی، ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، اورنگ آباد
۴) اُردو کی شعری اصناف — ڈاکٹر شیو یہ تر پاٹھی — ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی
۵) اُردو کی شعری اصناف — ڈاکٹر خواجہ محمد اکرام الدین — براؤن بک پبلیکیشنز، نئی دہلی
۶) اصنافِ ادبِ اُردو — ڈاکٹر قمر رئیس / ڈاکٹر خلیق انجم — سرسید بک ڈپو علی گڑھ
۷) اُردو شاعری کا تنقیدی مطالعہ — ڈاکٹر سنبل نگار — ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، علی گڑھ


***

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھتر پتی سنبھاجی نگر (مہاراشٹر)

**نصاب Syllabus**

Class: B.A.S.Y. — جماعت: بی اے سال دوم

Semester : III — سمیسٹر : تیسرا

Subject: Urdu — مضمون: اُردو

Course Code: GE/OE-3 — Paper Name: Urdu Fiction — اُردو فکشن

Course Type: Generic — Total Credits: 2T = 2 — Teaching Hours:30

## تدریس کے اغراض ومقاصد

نصابِ ہٰذا کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

۱) طلباء کو اُردو فکشن کی اقسام اور روایات سے روشناس کرانا۔

۲) اُردو فکشن کے موضوعات، کردار، ہیئت اور تکنیک کا تجزیہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔

۳) اُردو فکشن میں مستعمل ادبی اور فنی تکنیکوں کی شناخت اور تجزیہ کرنا۔

۴) جدید اُردو فکشن پر قدیم اُردو فکشن کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لے کر رائے دینا۔

۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں اور تخلیقی اظہار کو فروغ دینا۔

۶) اُردو فکشن کے ساتھ فعال طور پر مشغول کر کے اُن کی عصری معنویت سمجھانا۔

## تدریس کے متوقع نتائج

کامیابی کے ساتھ اس نصاب کی تکمیل کے بعد طلباء اس قابل ہوں گے کہ وہ:

۱) اُردو فکشن کی اقسام (داستان، ناول، ڈراما اور افسانہ) کی شناخت اور ارتقاء بیان کریں۔

۲) اُردو فکشن کے اہم موضوعات، کرداروں اور بیانیاتی عناصر کا گہرائی سے تجزیہ کریں۔

۳) اُردو فکشن میں استعمال ہونے والی ادبی اور فنی تکنیکوں کی شناخت اور تجزیہ کریں۔

۴) جدید اُردو فکشن پر قدیم اُردو فکشن کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لے کر رائے دیں۔

۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں کے ساتھ تخلیقی اظہار انجام دیں۔

۶) اُردو فکشن کے ساتھ فعال طور پر مشغول ہو کر اُن کی عصری معنویت سمجھ سکیں۔

## Syllabus نصاب

Topics for Discussion & Study مشمولات برائے تدریس

| Teaching Hours تدریسی گھنٹے | Credits کریڈٹ | Topics/Contents of the Syllabus نکاتِ بحث ومطالعہ | Module موڈیول |
|---|---|---|---|
| | | **Theory تھیوری** | |
| 10 | 0.7 | **اُردو فکشن: فنی مطالعہ**<br>۱) اُردو فکشن کی تعریف: ادبی ولسانی اہمیت<br>۲) اُردو فکشن کی اقسام : ( داستان۔ناول۔ناولٹ۔ڈراما۔افسانہ۔افسانچہ) | I |
| 10 | 0.7 | **داستان: فنی مطالعہ**<br>۱) داستان کی تعریف<br>۲) داستان کی اجزائے ترکیبی<br>۳) میرامن دہلوی کی داستان نگاری کا جائزہ<br>**شاملِ نصاب منتخب متن کا مطالعہ:**<br>۱) 'سیر تیسرے درویش کی' (داستان باغ وبہار) : میرامن دہلوی | II |
| 10 | 0.6 | **ناول کا فن:**<br>۱) ناول کی تعریف<br>۲) ناول کے اجزائے ترکیبی<br>۳) ڈپٹی نذیر احمد دہلوی کی ناول نگاری کا جائزہ<br>**شاملِ نصاب منتخب متن کا مطالعہ:**<br>۱) 'باب پہلا' (ناول مرآۃ العروس) : ڈپٹی نذیر احمد دہلوی | III |
| 30 | 02 | Total Credits/Hours کل کریڈٹ/گھنٹے | |

**مزید مطالعہ کے لئے سفارش کردہ کتابیں Recommended Reference Books:**

| | | |
|---|---|---|
| ۱) اُردو نثر کا تنقیدی مطالعہ | ڈاکٹر سنبل نگار | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، علی گڑھ |
| ۲) اصنافِ ادب | رفیع الدین ہاشمی | قومی کونسل برائے فروغ اُردو، نئی دہلی |
| ۳) اُردو فکشن: تفہیم، تعبیر اور تنقید | شہناز رحمٰن | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، علی گڑھ |
| ۴) اُردو فکشن: تنقیدی تناظرات | روبینہ تبسم | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی |
| ۵) اُردو نثر کا تنقیدی مطالعہ | ڈاکٹر سنبل نگار | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، علی گڑھ |
| ۶) اصنافِ ادب اُردو | ڈاکٹر قمر رئیس رڈاکٹر خلیق انجم | سر سید بک ڈپو علی گڑھ |
| ۷) اُردو کی نثری داستانیں | گیان چند جین | اتر پردیش اُردو اکادمی، لکھنؤ |

***

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھتر پتی سنبھا جی نگر (مہاراشٹر)

## نصاب Syllabus

Class: B.A.S.Y. — جماعت: بی اے سال دوم

Semester : III — سمیسٹر: تیسرا

Subject: Urdu — مضمون: اُردو

Course Code: VSC-2 Paper Name: ICT & AI آئی سی ٹی اوراے آئی

Course Type: Vocational Skill Course Total Credits: 1T+1P = 2 Teaching Hours:30

### تدریس کے اغراض ومقاصد

نصابِ ہٰذا کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:

۱) طلباء کوانفارمیشن، کمیونکیشن اینڈ ٹیکنالوجی ICT کے بنیادی تصورات اوراطلاقات کے ساتھ ساتھ مصنوعی ذہانت AI سے روشناس کرانا۔

۲) ICT اور AI کے بنیادی تصورات کا اطلاق کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔

۳) ICT اور AI کے عملی وتکنیکی سیاق وسباق کوسمجھنے میں مدد کرنا۔

۴) ICT اور AI میں مستعمل مہارتوں کی شناخت اور تجزیہ کرنا۔

۵) زبان وادب پر ICT اور AI کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لیکر ذاتی رائے کا اظہار کرنا۔

۶) ICT اور AI کے ساتھ فعال طور پر مشغول کرنا نیز عصری معنویت کوسمجھانا۔

### تدریس کے متوقع نتائج

کامیابی کے ساتھ اس نصاب کی تکمیل کے بعد طلباء اس قابل ہوں گے کہ وہ:

۱) ICT اور AI کے بنیادی تصورات اوراطلاقات کی شناخت کرتے ہوئے اُن کا ارتقاء بیان کریں۔

۲) ICT اور AI کے اہم موضوعات اوراستعمالات کا گہرائی سے تجزیہ کریں۔

۳) ICT اور AI کی تعلیمی اور تکنیکی اہمیت کا تجزیہ کریں۔

۴) ICT اور AI کے علمی اور عصری پس منظر کوسمجھتے ہوئے اُن کی عصری معنویت کا تعین کریں۔

۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں کے ساتھ تخلیقی اظہار انجام دیں۔

۶) ICT اور AI کے ساتھ فعال طور پر مشغول ہوکر اُن کی عصری افادیت کوواضح کریں۔

## Syllabus نصاب

Topics for Discussion & Study مشمولات برائے تدریس

| Teaching Hours<br>تدریسی گھنٹے | Credits<br>کریڈٹ | Topics/Contents of the Syllabus<br>نکاتِ بحث ومطالعہ | Module<br>موڈیول |
|---|---|---|---|
| | | **Theory تھیوری** | |
| 09 | 0.5 | **انفارمیشن، کمیونکیشن اینڈ ٹیکنالوجی (ICT): تعارف**<br>۱) انفارمیشن، کمیونکیشن اینڈ ٹیکنالوجی کی تعریف، مفہوم اوراہمیت<br>۲) ICT کے ذرائع اور اُن کا مختصر تعارف<br>صحافت۔ریڈیو۔ٹیلی ویژن۔سیل فون۔کمپیوٹر۔انٹرنیٹ۔سیٹلائٹ سسٹم۔<br>ویڈیو کانفرنسنگ۔فاصلاتی تعلیم<br>۳) کمپیوٹر اورانٹرنیٹ کا باہمی تعلق: عصر حاضر میں اُن کا استعمال<br>۴) ICT اور AI کی اخلاقیات | I |
| 08 | 0.5 | **آرٹیفیشیل انٹیلیجنس (AI) : تعارف**<br>۱) آرٹیفیشیل انٹیلیجنس AI : تعریف اورتاریخ<br>۲) اے آئی AI ٹولس (اپلیکیشن ایپس)<br>۳) تعلیمی شعبے میں اے آئی AI (مصنوعی ذہانت) کا استعمال | II |
| | | **Practical پریکٹیکل** | |
| 15 | 01 | **کمرۂ جماعت میں عملی مشق:**<br>۱) کمرۂ جماعت میں کمپیوٹر آپریٹ کرنے کی مشق کرنا۔<br>۲) انٹرنیٹ اورآن لائن تعلیمی وسائل تک رسائی کرنا۔<br>۳) آن لائن لرننگ پلیٹ فارمز کا استعمال کرنا۔<br>۴) ICT اور AI کے ساتھ تعامل کرتے ہوئے کسی بھی متن کا خلاصہ، کسی شعر کی تشریح، عبارت کا تنقیدی جائزہ یا علمی، ادبی اور پیشہ وارانہ مہارت حاصل کرنا۔ | III |
| 30 | 02 | Total Credits/Hours کل کریڈٹ/گھنٹے | |

**مزید مطالعہ کے لئے سفارش کردہ کتابیں Recommended Reference Books:**

| | | |
|---|---|---|
| ۱) مکمل کمپیوٹر ٹریننگ گائیڈ | شفقت علی | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی |
| ۲) مصنوعی ذہانت: ایک نیا فکری تناظر | باقر نقوی | اکادمی بازیافت |
| ۳) تعلیم میں معلوماتی اور ترسیلی ٹیکنالوجی اور ہدایتی نظام | ڈاکٹر نوشاد حسین | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی |

4) Information, Communication and technologies in school : A handbook for teachers: UNISCO

5) Online resources and tutorials on basic ICT skills and AI Concepts

❋❋❋

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھترپتی سنبھاجی نگر(مہاراشٹر)

**نصاب Syllabus**

| | |
|---|---|
| Class: B.A.S.Y. | جماعت: بی اے سال دوم |
| Semester : IV | سمیسٹر: چوتھا |
| Subject: Urdu | مضمون: اُردو |
| Course Code: DSC-9 | Paper Name: Jadeed Afsanvi Adab — جدید افسانوی ادب |
| Course Type: Major | Total Credits: 2T + 2P = 4 — Teaching Hours:60 |

| تدریس کے اغراض و مقاصد | تدریس کے متوقع نتائج |
|---|---|
| نصابِ ہٰذا کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں:<br>۱)طلباءکواُردوزبان وادب کی جدید افسانوی اصناف اور روایات سے روشناس کرانا۔<br>۲)جدید افسانوی اصناف کے موضوعات، کرداروں اور بیانیاتی ساخت کا گہرائی سے تجزیہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔<br>۳) جدید افسانوی ادب میں مستعمل ادبی اور فنی تکنیکوں کی شناخت اور تجزیہ کرنا۔<br>۴) جدید ادب وثقافت پر قدیم ادب کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لے کر رائے دینا۔<br>۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں اور تخلیقی اظہار کو فروغ دینا۔<br>۶) جدید افسانوی ادب کے ساتھ فعال طور پر مشغول کر کے اُن کی عصری معنویت سمجھانا۔ | کامیابی کے ساتھ اس نصاب کی تکمیل کے بعد طلباء اس قابل ہوں گے کہ وہ:<br>۱) اُردو نثر کی جدید افسانوی اصناف کی شناخت اور ارتقاء بیان کریں۔<br>۲) جدید افسانوی ادب کے اہم موضوعات اور بیانیاتی عناصر کا گہرائی سے تجزیہ کریں۔<br>۳) جدید افسانوی اصناف کے لسانی خصائص، ضرب الامثال اور اسلوب کا جائزہ لے سکیں۔<br>۴) جدید ادب وثقافت پر قدیم ادب کے اثرات کا تنقیدی جائزہ لے کر رائے دیں۔<br>۵) تنقیدی سوچ، تجزیاتی مہارتوں کے ساتھ تخلیقی اظہار انجام دیں۔<br>۶) جدید افسانوی اصناف کے مختلف نمونے کو تخلیقی طور پر پیش کرتے ہوئے اُن کی عصری معنویت سمجھ سکیں۔ |

## Syllabus نصاب

Topics for Discussion & Study مشمولات برائے تدریس

| Teaching Hours<br>تدریسی گھنٹے | Credits<br>کریڈٹ | Topics/Contents of the Syllabus<br>نکاتِ بحث و مطالعہ | Module<br>موڈیول |
|---|---|---|---|
| | | **Theory تھیوری** | |
| 10 | 0.7 | **جدید افسانوی ادب: تعارف اور اقسام**<br>۱) جدید افسانوی ادب: تعارف اور مفہوم<br>۲) جدید اُردو افسانوی ادب کی مشہور اقسام :<br>(الف) ناول (ب) ناولٹ (ج) افسانہ<br>۳) داستان اور ناول کے درمیان بنیادی فرق وامتیاز<br>۴) ناول اور افسانہ کے درمیان بنیادی فرق وامتیاز | I |
